1989ء سے مسلسل اشاعت
24 تا 30 نومبر 2023 | شمارہ نمبر 48 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ
# پیپر بزنس
کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
BMG





بزنس مین پینل
کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

**FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**
**FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award — ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف





**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور،
ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**چارجز: 100 روپے**
کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے
بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے
خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
ای میگزین 1500 روپے

for Online Pyments
Summit Bank
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171411296O
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
United Bank Ltd (UBL)
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367


# نان فائلرز کے بجلی، گیس کنکشن منقطع، موبائل سم بلاک ہوں گی

## ملک بھر میں 145 ڈسٹرکٹ ٹیکس دفاتر قائم، 15 سے 20 لاکھ ٹیکس دہندگان تلاش ہوں گے، مختلف محکموں سے ڈیٹا حاصل کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانیوالوں کے بجلی اور گیس کے کنکشن منقطع اور موبائل سم بلاک کرنے کا فیصلہ، ایف بی آر نے ٹیکس کی بنیاد وسیع کرنے اور 20 لاکھ تک نئے ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے ملک بھر میں 145 ڈسٹرکٹ ٹیکس دفاتر قائم کر دیئے، جون 2024 تک ایف بی آر نے 15 سے 20 لاکھ نئے ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا فیصلہ کیا ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جمعہ کو 145 ڈسٹرکٹ ٹیکس افسران کے دفاتر کو نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ ان دفاتر کی سربراہی ڈسٹرکٹ ٹیکس آفیسرز کریں گے جن کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ نان فائلرز اور اسٹاپ فائلرز پر انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کیلئے کارروائی کریں گے، ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانیوالے ٹیکس دہندگان کے بجلی، گیس اور دیگر یوٹیلیٹی کنکشن منقطع کیئے جائیں گے اور موبائل سم بلاک کرنے کا اختیار بھی ہوگا۔ ایک نیا دستاویزی قانون بھی متعارف کرایا جا رہا ہے جس کے تحت مختلف محکمے اور ادارے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو خودکار ٹرانسمیشن سسٹم کے ذریعے ڈیٹا فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ ایف بی آر کے مطابق ان دفاتر کے قیام سے ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے جس سے ٹیکس نیٹ کو وسعت ملے گی تاکہ تمام ممکنہ ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لایا جا سکے۔ ان نئے دفاتر کی سربراہی گریڈ 17 اور گریڈ 18 کے ان لینڈ ریونیو کے افسران کریں گے۔ یہ افسران مختلف محکموں اور اداروں سے تھرڈ پارٹی ڈیٹا حاصل کر کے استعمال کریں گے۔ جو ممکنہ ٹیکس دہندگان کے بھاری اخراجات اور اثاثوں میں سرمایہ کاری کے بارے میں اہم معلومات رکھتے ہیں اور یہ ٹیکس دہندگان ابھی تک ٹیکس ریٹرن کی رجسٹریشن اور فائلنگ سمیت ٹیکس کے نظام سے بچنے اور دور رہنے میں کامیاب رہے ہیں۔ اس مقصد کیلئے استعمال کئے جانیوالے ٹولز میں سے ایک انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 میں حال ہی میں متعارف کرایا گیا سیکشن 114B ہے۔ جو جاری کئے گئے نوٹسز کے جواب میں ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے کی صورت میں ایف بی آر کو یوٹیلیٹی کنکشن بشمول بجلی اور گیس کے کنکشنز منقطع کرنے اور موبائل سم بلاک کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ وفاقی حکومت اس ضمن میں تمام اقدامات کو بروئے کار لانے اور ایف بی آر کی مدد کے لئے پرعزم ہے۔ ایک نیا دستاویزی قانون بھی متعارف کرایا جا رہا ہے جس کے تحت مختلف محکمے اور ادارے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو خودکار ٹرانسمیشن سسٹم کے ذریعے ڈیٹا فراہم کرنے کے پابند ہونگے۔

## جولائی-ستمبر 23: پیپر و پیپر بورڈ کی پیداوار میں کمی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 0.68 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات (پی بی ایس) کی جانب سے جاری رپورٹ کے مطابق جولائی سے لیکر ستمبر تک کی مدت میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ (ایل ایس ایم آئی) 112.59 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 0.68 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ (ایل ایس ایم آئی) 111.83 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا تھا، ستمبر 2023 میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 112.85 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو اگست کے مقابلہ میں 3.56 فیصد کم اور گزشتہ سال ستمبر کے مقابلہ میں 1.01 فیصد زیادہ ہے۔ اگست میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 117.02 پوائنٹس اور گزشتہ سال ستمبر میں 111.73 پوائنٹس تھا۔ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں خوراک کے شعبہ میں 0.61 فیصد، گارمنٹس 5.47 فیصد، پٹرولیم مصنوعات 0.86 فیصد، فارما 1.81 فیصد اور سیمنٹ کی پیداوار میں 0.84 فیصد کی نمو ہوئی، اس کے برعکس تمباکو کی پیداوار میں 0.71 فیصد، ٹیکسٹائل 4.26 فیصد، آئرن اینڈ سٹیل 0.11 فیصد، برقی آلات 0.47 فیصد، آٹوموبائلز 1.45 فیصد، پیپر اینڈ بورڈ 0.18 فیصد اور فرنیچر کی پیداوار میں 2 فیصد کی کمی ہوئی۔

## زرمبادلہ کے ذخائر میں 11 کروڑ 50 لاکھ کی کمی

کراچی (نیوز ڈیسک) بیرونی ادائیگیوں کے باعث ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں 11 کروڑ 50 لاکھ کی کمی، اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق 10 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے اختتام پر اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر بیرونی ادائیگیوں کے باعث 11 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی کمی سے 7 ارب 39 کروڑ 67 لاکھ ڈالر ہو گئے ہیں، کمرشل بینکوں کے پاس اس وقت 5 ارب 13 کروڑ 88 لاکھ ڈالر موجود ہیں اس طرح مجموعی ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب 53 کروڑ 55 لاکھ ڈالر رہیں۔








یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ہماری پالیسی جاری رہتی تو ڈالر آج 40 یا 50 روپے کا ہوتا: نواز شریف

لاہور (پیپر بزنس نیوز) مسلم لیگ ن کے قائد، میاں محمد نواز شریف اور سابق وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر شریف برادران کے ہمراہ مریم نواز، اسحاق ڈار، احسن اقبال اور پارٹی کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ نواز شریف نے اپنے معاشی وژن پر کاروباری برادری سے بات کی، وطن واپسی کے بعد ان کی کاروباری برادری کے ساتھ یہ پہلی باضابطہ نشست تھی۔ میاں محمد نواز شریف نے لاہور چیمبر کے موجودہ اور سابق عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداروں سے خطاب کے دوران نواز شریف نے کہا کہ ہم پاکستان کی معاشی مشکلات کو سمجھتے ہیں، آپ سے ہمیشہ مشاورت کی ہے، مشاورت سے ہی آگے بڑھیں گے، ہماری بنائی پالیسیوں سے پاکستان کی کاروباری برادری نے بھرپور عمل کیا، ہماری بنائی گئی پالیسیوں کو بھارت نے اپنایا اور معاشی ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، غربت سے نجات دلانا ہماری ذمے داری اور فرض ہے، اگر لوگ ترقی مانگتے ہیں، تعلیم اور صحت مانگتے ہیں تو یہ ان کا حق ہے، سہولتیں فراہم کرنا ریاست کی ذمے داری ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ میں نے ایٹمی دھماکے کیے تھے تو اسلامی ممالک پاکستان کو اپنا رکھوالا سمجھنے لگے تھے، آج یہ حالت ہوگئی کہ ایک ایک ارب ڈالر کے لیے محتاج ہو گئے ہیں، یہ کلہاڑی ہم نے خود اپنے پیروں پر ماری ہے، یہ برے حالات ہمارے اپنے فیصلوں کی وجہ سے پیدا ہوئے۔ نواز شریف نے کہا ہے کہ ہمارے دور میں سوا 6 فیصد پالیسی ریٹ تھا، آج 22 فیصد پر ہے، 22 فیصد پالیسی ریٹ سے کون کاروبار کرسکتا ہے، ہم نے خود اپنی پارلیمنٹ اور وزرائے اعظم کے ساتھ زیادتیاں کیں، پھر ملک کس کے حوالے کر دیا گیا، روپیہ، معیشت اور سب نظام تباہی کا شکار ہو گیا، ہمارے دور میں 1 ہزار روپے جس کا بل آتا تھا، آج 15 ہزار روپے کا بل آرہا ہے، پانچ



پانچ گنا قیمتوں میں اضافہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی بجٹ تقریباً ایک ہزار ارب روپے تک لے گئے تھے، پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار آئی ایم ایف پروگرام ہم نے مکمل کیا، ہم سی پیک لے کر آئے، تھر کے کوئلے کو نکالنے اور پھر اس سے بجلی بنانے کے منصوبے بنائے، اس وقت ملک اور عوام کو درپیش تمام مسائل پر ہماری نظر ہے۔ نواز شریف نے یہ بھی کہا ہے کہ ہم نے ہی نج کاری اور لبرلائزیشن شروع کی تھی، لبرلائزیشن کا حامی ہوں، پاکستان کو پُرامن بنایا، ضربِ عضب اور ردالفساد آپریشن کیے، کراچی میں امن قائم کیا، کوئٹہ گیا، بار بار بجلی بند ہو رہی تھی، لوڈ شیڈنگ کو ختم کیا۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


# بینکوں کے منافع پر 40 فیصد ونڈ فال ٹیکس عائد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی کابینہ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی سفارش پر بینکوں کے اُن وِنڈ فال منافع، جو کہ اُنہوں نے سال 2021 اور سال 2022 میں زرمبادلہ کے لین دین سے حاصل کیا، پر 40 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی منظوری دے دی۔ فنانس ایکٹ 2023 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 میں سیکشن 99D متعارف کرایا گیا ہے جس کے تحت ونڈ فال منافع پر وِنڈ فال ٹیکس لاگو ہوگا۔ یہ فیصلہ بدھ 15 نومبر کو نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ وزارت داخلہ کی سفارش پر 18 افراد کا نام ECL سے نکال دیا گیا، 9 شامل، حج پالیسی 2024 میں ترامیم کی منظوری، ہانگ کانگ بین الاقوامی کنونشن 2009 پر دستخط، معاہدے کا ڈرافٹ تیار کرنیکی منظوری، وزیر اعظم آفس کے اعلامیہ کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرمایہ کاری بورڈ کی سفارش پر سعودی عرب اور قطر کے ساتھ دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدوں پر مذاکرات کرنے کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے حج پالیسی 2024 میں ترامیم کی منظوری دے دی جن کے تحت سرکاری اور نجی اسکیمز کا غیر استعمال شدہ سپانسر شپ کوٹہ سعودی عرب حکومت کو واپس کر دیا جائے گا۔ مزید برآں سعودی حکومت کے قوانین کے مطابق حج گروپس آرگنائزرز کے مالی انتظامات کے حوالے سے ایک فول پروف مانیٹرنگ سسٹم کا نفاذ عمل میں لایا جائے گا، نئی حج پالیسی کے مطابق 10 سال سے کم عمر بچے بھی حج کا فریضہ ادا کرسکیں گے۔ نجی حج اسکیمز میں 80 سال سے زائد افراد کے لیے خدمت گار ساتھ رکھنے کی شرط میں نرمی کی جائے گی، مزید برآں وفاقی کابینہ نے ہارڈ شپ حج کوٹہ میں کمی کی منظوری دے دی۔ مقامی معاونین کے کوٹہ کا 50 فیصد اُن پاکستانی طلباء کے لیے مختص کیا جائے گا جو سعودی عرب کی مقامی یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم ہیں۔ وفاقی کابینہ نے وزارتِ تجارت کی سفارش پر ٹریڈ آرگنائزیشنز کے ریگولیٹرز کے احکامات کے خلاف اپیل سننے، امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 اور ایکسپورٹ پالیسی آرڈر 2022 کی شرائط میں چھوٹ اور نرمی کے لیے ایک کمیٹی قائم کرنے کی منظوری دے دی۔ وفاقی وزیر تجارت اس کمیٹی کے کنوینئیر ہوں گے جبکہ دیگر ممبران میں وفاقی وزیر قانون اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی شامل ہوں گے۔

# 19 رکنی صنعتی مشاورتی کونسل کی تشکیل

## 12 ارکان نجی شعبہ سے اور 6 سرکاری شعبے سے ہوں گے، ہر ہفتے اجلاس ہوگا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران حکومت نے 19 رکنی صنعتی مشاورتی کونسل تشکیل دیدی، وفاقی وزیر صنعت و پیداوار انڈسٹریل گوہر اعجاز ایڈوائزری کونسل کے چیئرمین مقرر کردیئے گئے، کونسل میں 12 ارکان نجی اور 6 سرکاری شعبے سے شامل ہیں، ایڈوایزری کونسل کا اجلاس ہفتہ وار بنیادوں پر ہوگا، 10 ہفتوں میں رپورٹ پیش کرے گی۔ وزارت صنعت و پیداوار نے صنعتی مشاورتی کونسل کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، کونسل میں نجی شعبے سے محمد علی ٹبہ، فواد احمد مختار، رضا منشاء، عامر فیاض شیخ، وقار احمد ملک، عبدالصمد داؤد، شہباز یاسین ملک، شہزاد اصغر علی، سید حیدر علی، فاروق نسیم، احسن بشیر اور سمیر چنوائے کو شامل کیا گیا، کونسل ارکان میں تمام صوبائی چیف سیکرٹریز بشمول چیف سیکرٹریز آزاد کشمیر و گلگت شامل ہیں، سیکریٹری خزانہ، سیکریٹری تجارت، سیکریٹری صنعت و پیداوار اور چیئرمین ایف بی آر کو بھی کونسل ارکان میں شامل کیا گیا ہے، جوائنٹ سیکرٹری صنعت و پیداوار کونسل کے سیکرٹری کے طور پر فرائض انجام دینگے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈوائزری کونسل کا اجلاس ہفتہ وار بنیادوں پر ہوگا اور 10 ہفتوں میں رپورٹ پیش کرے گی، وزارت صنعت و پیداوار کونسل کیلئے سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مشاہدات وتاثرات

# محکمہ انکم ٹیکس کے مزید 145 ضلعی دفاتر کا قیام اور سی فوڈ اسٹریٹ کراچی



تحریر: محمد رؤف

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ملک بھر کے 145 اضلاع میں ٹیکس نادہندگان کی نشاندہی کے لئے دفاتر قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جہاں ایک ڈسٹرکٹ ٹیکس افسر تعینات کیا جائے گا جس کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ نان فائلرز اور اسٹاپ فائلر پر انکم ٹیکس ریٹرن فائل کروانے کے لئے اپنے اختیارات استعمال کریں گے اور اس طرح ایف بی آر کا ہدف ہے کہ وہ 15 سے 20 لاکھ نئے ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ ان افسران کو نہ صرف فیلڈ کارروائی کا اختیار حاصل ہوگا بلکہ ایک نئے متعارف کرائے جانے والے قانون کے تحت اختیار استعمال کرتے ہوئے دیگر اداروں جن میں بینکس، پراپرٹی اور گاڑیوں کے رجسٹریشن دفاتر، ٹریول ایجنسیوں، بڑی انڈسٹریز کی سپلائی چین سے متعلق ادارے اور جہاں سے مناسب سمجھیں گے معلومات حاصل کر کے کارروائی کر سکیں گے۔

موجودہ عبوری حکومت نے توقعات کے برخلاف ایسے اقدامات اٹھائے ہیں جو شاید اس کے دائرہ اختیار میں نہیں تھے لیکن موجودہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی ملکی معیشت کو بہتر بنانے کے لئے اپنی فورسز کی مکمل مدد اور عملی تعاون فراہم کرنے کے عزم نے ان کو یہ حوصلہ فراہم کر دیا ہے کہ وہ ان ناخوشگوار اقدامات کو کرنے کے لئے تیار ہیں جنہیں گزشتہ سیاسی اور فوجی حکومتیں کرنے سے گریزاں رہی ہیں۔ دوسری طرف اب ہم معیشت کی تباہ حالی کے اس دہانے پر ہیں کہ جہاں اب ہمارے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے کہ ہم ان اقدامات کو مزید موخر کر سکیں۔

یہ حقیقت ہے کہ اس وقت سارا زور ایف بی آر اور تمام محکموں کا بڑے شہروں پر رہتا ہے اور وہ ان شہروں میں رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کا ہی خون نچوڑ کر اپنے اہداف پورے کرنے میں لگے رہتے ہیں جبکہ وہ چھوٹے شہروں اور ضلعوں میں ٹیکس دہندگان کو تلاش کرنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کرتے اور وہاں سے وہ سیاسی عزائم کے لئے آنکھیں بند رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان شہروں کا مالدار طبقہ آزادی کے ساتھ سرکاری وسائل کا استعمال کرتا ہے لیکن وہ اپنی ٹیکس ذمہ داری پوری نہیں کرتا۔

ایف بی آر کی جانب سے 145 اضلاع میں گریڈ 17 اور 18 کے افسران کی سربراہی میں ضلعی ٹیکس دفاتر کا قیام ایک خوش گوار حیرت ہے اور توقع ہے کہ اب "ڈنڈے" کے زور پر ان علاقے کے لوگ جو لاکھوں نہیں کروڑوں کی گاڑیوں میں سفر کرتے ہیں۔ ٹیکس نیٹ میں آنا پسند کریں بشرطیکہ ان تعینات ہونے والے افسران کی نیتیں اچھی ہوں اور وہ بھاری تنخواہوں میں اپنا گزارا کرنے کی ٹھان لیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان افسران کی بنیادی ذمہ داری یہ ہونی چاہیئے کہ وہ ایسے افراد کو سامنے لائیں جو قابل ٹیکس آمدن کے باوجود ٹیکس نیٹ میں نہیں ہیں کیونکہ موجودہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ انکم ٹیکس کی وصولی میں محکمہ کا کوئی کردار نہیں ہے۔ اس میں سب سے زیادہ حصہ تنخواہ دار طبقہ پر ہے اور باقی ودہولڈنگ ٹیکس کے ذریعے ایف بی آر کو گھر بیٹھے رقوم مل جاتی ہیں۔ ایف بی آر کے انکم ٹیکس افسران صرف بیٹھ کر تنخواہ لیتے ہیں اور حکومت کو صرف یہ بتاتے ہیں کہ کس شعبہ سے کتنا ٹیکس جمع ہوا ہے یہ نہیں بتاتے کہ ان کے فرائض کی بجا آوری سے کتنا ٹیکس جمع ہوا ہے۔

بڑے شہروں میں رہنے والے انکم ٹیکس افسران یقیناً دفتری اوقات کے بعد اس شہر میں تفریح بھی کرتے ہیں۔ سودا سلف بھی خریدتے ہیں یعنی وہ بھی ایک شہری کی طرح اس شہر سے لطف اندوز ہوتے ہیں لیکن کیا آج تک کسی بھی علاقے میں انہوں نے دکاندار سے رسید طلب کی ہے۔ (تعارف کرانے پر تو شاید وہ دے دے) یقیناً نہیں۔ پورے شہر میں رسید دینے کا کوئی رواج موجود نہیں ہے۔ اگر طلب بھی کی جائے تو وہ بغیر نمبر کے سادے کاغذ پر دستخط کر کے فراہم کر دی جاتی ہے جس کی قانوناً کوئی حیثیت نہیں ہوتی ہے، آخر کیوں بڑے شہروں کے ان افسران کا رعب اور دبدبہ موجود نہیں ہے یقیناً انہیں چھاپہ مارنے کے اختیارات نہیں ہیں لیکن کیا انہوں نے کسی بھی دکاندار یا مبینہ ٹیکس چور کے خلاف اپنے دفتر جا کر کسی کارروائی کے بارے میں سوچا ہے؟ نہیں۔



تمام بڑے شہروں میں بڑے بڑے ڈھابے، ریسٹورینٹ، اسٹریٹ ریسٹورینٹ کھلے ہوئے ہیں اور ان میں بعض نہایت مشہور بھی ہیں چاہے وہ کوئٹہ ہو، کراچی ہو، پشاور ہو، لاہور ہو یا راولپنڈی یا گوجرانوالہ۔ ان میں 90 فیصد کوئی رسید جاری نہیں کرتے اور کرتے بھی ہیں تو وہ واپس لیتے ہیں بصورت دیگر آپ ویٹر کو نقد رقم بمعہ ٹپ دے کر کھانے کے سرور میں باہر آجاتے ہیں۔

لہٰذا اگر یہ 145 دفاتر کے افسران بھی اپنا رویہ بڑے شہروں کی طرح برقرار رکھیں گے تو اس میں ایف بی آر اپنے محصولات میں تو شاید اضافہ نہ کر سکے لیکن ان افسران کے تبادلوں اور تقرریوں پر ہونے والے ٹی اے/ڈی اے کی مد میں کروڑوں روپے کے اخراجات ضرور برداشت کرے گا۔ لہٰذا کہیں ایسا نہ ہو کہ ان افسران کی ناک کے نیچے یہ ٹیکس دہندگان دندناتے رہیں اور یہ افسران صرف سرکاری مراعات کے مزے میں خواب غفلت میں رہیں۔

اس سلسلے میں کراچی کی ایک مثال ہی ان بڑے شہروں کے افسران کی کارکردگی کے لئے کافی ہے۔ امید ہے کہ ایف بی آر اس سلسلے میں اقدامات کرے گا۔

جمعرات 16 نومبر 2023 کو کیماڑی کی مشہور فش فوڈ اسٹریٹ پر جانے کا پروگرام ہوا۔ رات 9:30 بجے جب مشہور سی فوڈ اسٹریٹ جو کہ ایک سرکاری سڑک پر غیر سرکاری فوڈ اسٹریٹ ہے جس کی سی فوڈ کوالٹی یقیناً بہت اچھی ہے اور وہ اس کی قیمت بھی مارکیٹ سے 20 تا 30 فیصد زائد ہی وصول کرتا ہے اور اس کے گاہک ہنسی خوشی یہ قیمت بھی قبول کرتے ہیں، خیر وہ تو اس کی کوالٹی ہے۔ تو جناب وہاں سی فوڈ کی وسیع رینج کا ایک اسٹال ہے۔ وہاں آپ بس پسند کرتے ہیں اس کے برابر میں 2x2 فٹ کا ایک کاؤنٹر ہے جہاں سے آپ کو ادائیگی پر ایک ٹوکن جاری کیا جاتا ہے اور اس پر صرف PAID کی مہر لگائی جاتی ہے۔

ہمارا نمبر 74 تھا اور اس وقت پوری اسٹریٹ پر کسی ٹیبل پر بیٹھنے کی جگہ نہیں تھی۔ ہم بھی ادائیگی کے بعد کھانے کی تیاری کا انتظار کرنے لگے۔ کھانا آیا تو وہ اس ٹوکن نمبر کے حوالے سے اتنا منظم تھا کہ ہر ڈش پر وہ نمبر موجود تھا۔ خیر یہ تو ہوٹل انتظامیہ جس کی ایک برانچ پورٹ گرینڈ میں ہے اور ایک برانچ کیماڑی کے بس اسٹاپ پر بھی ہے، کی اعلیٰ انتظامیہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت بھی ہے۔ لیکن اس 74 نمبر کے حساب سے رات 9:30 بجے تک اوسط بل 15 تا 20 ہزار روپے بھی لگایا جائے تو تقریباً 13 تا 14 لاکھ روپے کی سیلز صرف ایک کاؤنٹر پر ہو چکی تھی لیکن اس کی بہادری، دیدہ دلیری کو داد دینا پڑتی ہے کہ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس افسران کی نظر کرم کہ اس نے کسی ایک کو بھی کوئی رسید جاری نہیں کی۔ کوئی سیلز ٹیکس وصول اور ادا نہیں کیا۔ صرف نقد رقم پر اکتفا کیا تو اب سوال یہ ہے کہ انکم ٹیکس افسران ان بڑے شہروں میں کیا کر رہے ہیں؟

توقع ہے کہ یہ نئے ضلعی ٹیکس افسران خود فیلڈ میں نکلیں گے اور حقیقی ٹیکس نادہندگان کو تلاش کریں گے۔ اللہ کرے کہ ایسا ہو جائے۔

(اپنی رائے دیجئے)

raufansari63@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com




IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper , China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تا کہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں از خود اطمینان حاصل کرسکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

**رابطے کے لئے 0300-2011313**


IBM™

## International Business Managemnet

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**

**First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,**
**Karachi UAN:111-IBK-PAK**
**Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786**
**Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com**


Certified Quality Management System
ISO 9001: 2015

Winner of
Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award 2011-2012
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper , China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# اسٹیکر، مقامی ڈپلیکس بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 22 نومبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر یونگی، سپر ٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی اور لیبل ٹیک، مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر، سنچری سولجر، سنچری پولو اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 250 گرام کی ریل 260 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی ریل 246 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 265 روپے، تمام سائز 290 اور 340 گرام کی شیٹس 253 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز 275 -250 گرام کی ریل 284 روپے، تمام سائز 350، 300 گرام کی ریل 272 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ تمام سائز 250-275 گرام کی شیٹس 296 روپے، تمام سائز 300۔350 گرام کی شیٹس 284 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 350 گرام، 252 روپے سے کم ہوکر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1100 روپے سے کم ہوکر 1070 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1300 روپے سے کم ہو کر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1080، روپے سے کم ہوکر 1040 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1320، روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1200 روپے سے کم ہوکر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1120 روپے سے کم ہو کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1400 روپے سے کم ہوکر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام 1450، روپے سے کم ہوکر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام 1490، روپے سے کم ہو کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہوکر 990 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4900 روپے سے کم ہوکر 4500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30، سائز، 4800 روپے سے کم ہوکر 4400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4750، روپے سے کم ہوکر 4300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 4650، روپے سے کم ہوکر 4200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4750 روپے سے کم ہوکر 4300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 5000 روپے سے کم ہو کر 4400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# بزنس مین پینل پروگریسو کا یو بی جی کے ساتھ انتخابی اتحاد

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کے برسر اقتدار گروپ کو بڑا جھٹکا، گروپ سے علیحدگی اختیار کرنے والے بزنس مین پینل پروگریسو نے یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے ساتھ اتحاد کا علان کرتے ہوئے آئندہ الیکشن مشترکہ پلیٹ فارم سے لڑنے کا علان کیا ہے، اس بات کا اعلان یو بی جی کے سینئر رہنماؤں کے اعزاز میں بزنس مین پینل پروگریسو کے ثاقب فیاض مگوں کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں کیا گیا جس میں دونوں گروپوں نے اپنے مشترکہ امیدواروں کا اعلان کیا، عشائیے میں۔ بی ایم پی پروگریسو کی جانب سے ثاقب فیاض مگوں، عدیل صدیقی، خرم اعجاز، شام لال منگلانی، رضوان احسن، عمران حسین اور شبیر حسن منشا نے شرکت کی جبکہ یو بی جی کی جانب سے زبیر طفیل، ظفر بختاوری، خالد تواب، شیخ ریاض الدین، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، حنیف گوہر، مومن ملک، علی حسام اصغر، عامر عطا باجوہ، شاہین سروانہ، عبدالسمیع خان، ارشد فاروق، سلیم بکیا، طارق حلیم، احمد چنائے اور گلزار فیروز نے شرکت کی۔




CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اشیا کی ویلیوایشن پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، فاٹا میں چھوٹ کو دیکھ رہے ہیں، زیبا حئی

لاہور (بزنس ڈیسک) ممبر کسٹمز آپریشنز، فیڈرل بورڈ آف ریونیو زیبا حئی نے کہا ہے کہ اشیا کی ویلیوایشن پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، صرف اسمگلنگ ہی نہیں بلکہ مس انوائسنگ کے حوالے سے بھی مسائل ہیں، یہ کتنے فیصد ہیں اس حوالے سے اعداد وشمار دستیاب نہیں تاہم ورچوئل اسیسمنٹ شروع کردی گئی ہے۔لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور سے لاہور چیمبر میں ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے ساٹھ فیصد گرین چینلز ہیں، ویلیوایشن بہت اہمیت کی حامل ہے۔انہوں نے کہا کہ بنیادی درآمد شدہ آئٹمز کو ویلیوایشن رولنگ میں لانا چاہتے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ آئٹمز اس نیٹ میں آجائیں۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا میں استثنٰی کا معاملہ دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ قواعد وضوابط کے نفاذ کو سنجیدگی سے لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ فوکل پرسن مقرر اور نارتھ میں بھی کلاسیفیکیشن کمیٹی قائم کی جائے گی۔صدر لاہور چیمبر کاشف انور نے کہا کہ ملک میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے کسٹمز ڈیپارٹمنٹ اور کاروباری برادری کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا۔وفاقی بجٹ 24-2023 میں کنسائنمنٹ کے اندر سے دستاویزات نہ ملنے پر جرمانہ ختم کرنے سے تمام امپورٹرز کو ریلیف مل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز ویلیوایشن کی جانب سے کچھ اشیا پر بار بار کسٹمز ویلیوایشن کی رولنگ جاری کرنا تاجر برادری میں تشویش کا باعث بن جاتا ہے۔اس سلسلہ میں کاروباری برادری کو معیارات سے آگاہ کیا جائے۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ ہمارے ممبران کے مطابق کسٹمز کمپیوٹرائز ڈسسٹم یعنی وی بوک، پی ایس ڈبلیو کے تحت ڈرائی پورٹ پر اشیا کی ڈیکلریشن کے پراسیس کو بہت وقت لگ جاتا ہے حالانکہ اس کے لیے اڑتالیس گھنٹے سے زائد کا وقت نہیں ہونا چاہیے۔کاشف انور نے کہا کہ جب کنٹینر پورٹ سے ریلیز ہوجاتا ہے تو اس کے بعد بھی انفورسمنٹ ایجنسیوں کی جانب سے اس کی ڈاکومنٹس کی جانچ کی جاتی ہے جبکہ ہمارے خیال میں جب کوئی کنٹینر مکمل چیکنگ کے بعد پورٹ سے ریلیز ہو جائے تو اس کی دوبارہ چیکنگ کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی، البتہ اس سے وقت کا ضیاع ضرور ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈرائی پورٹس پر اشیا کو صرف کمپیوٹرائز ڈسسٹم سے چیک کیا جائے۔



## انٹر بینک میں ڈالر 285 روپے ہوگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) امریکی ڈالر اڑان بھرنے کے بعد گزشتہ کئی روز سے نیچے کی جانب گامزن ہے، بدھ 22 نومبر کو بھی انٹر بینک میں ڈالر کی قدر میں کمی ہوئی ہے۔انٹر بینک میں ڈالر 19 پیسے سستا ہونے کے بعد 285 روپے 60 پیسے کا ہو گیا۔منگل 21 نومبر کو بھی روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت کم ہوگئی۔اسٹیٹ بینک کے مطابق 21 نومبر کو انٹر بینک میں ڈالر 18 پیسے سستا ہوگیا جس سے ڈالر کی قدر 285.97 روپے سے گھٹ کر 285.79 روپے ہوگئی۔فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں 25 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قدر 287.50 روپے سے گھٹ کر 287.25 روپے پر آ گئی۔فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر 314 روپے پر برقرار رہی جبکہ برطانوی پاؤنڈ کی قدر 2 روپے کی تیزی سی 358 روپے سے بڑھ کر 360 روپے ہوگئی۔سعودی ریال کی قیمت فروخت 20 پیسے کی کمی سے 76.60 روپے اور یو اے ای درہم کی قیمت فروخت ی 20 پیسے گھٹ کر 78.60 روپی رہ گئی۔

## حج: 10 لاکھ 75 ہزار روپے کا پیکیج، 12 دسمبر تک درخواستیں وصول کی جائیں گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے حج پالیسی 2024 کا اعلان کر دیا ہے حج پیکیج گزشتہ سال کے مقابلہ میں ایک لاکھ روپے سستا ہوگا، 10 لاکھ 75 ہزار روپے تک کا حج پیکیج، خواتین کو بغیر محرم جانے کی اجازت، کوٹہ ایک لاکھ 79 ہزار 210 مقرر، درخواستیں 27 نومبر سے 12 دسمبر تک وصول کی جائیں گی، کسی کو مفت حج نہیں کرایا جائیگا، گزشتہ 5 حج ادا کرنیوالے درخواست دینے کے اہل نہیں، سرکاری سپانسر شپ سکیم قرعہ اندازی سے مستثنٰی ہوگی، حج درخواستیں 27 نومبر سے 12 دسمبر تک وصول کی جائیں گی، پاکستان کا حج کوٹہ ایک لاکھ 79 ہزار 210 مقرر کیا گیا ہے، گورنمنٹ اور پرائیویٹ سکیم کا کوٹہ نصف نصف کی بنیاد پر تقسیم کیا گیا ہے، سرکاری سپانسر شپ سکیم پہلے آیئے اور پہلے پایئے کے اصول پر ہوگی اوراس میں قرعہ اندازی سے استثنٰی ہوگا، گورنمنٹ سکیم کا لانگ حج پیکج 38 سے 42 دن شارٹ پیکج 20 سے 25 دن کا ہوگا کسی کو مفت حج نہیں کرایا جائیگا، حج پالیسی کا اعلان نگران وزیر مذہبی امور انیق احمد نے پریس کانفرنس میں کیا انہوں نے کہا کہ لانگ حج پیکج کے تحت ریگولر حج سکیم کے اخراجات جنوبی ریجن (کراچی، کوئٹہ، سکھر) کیلئے 10 لاکھ 65 ہزار روپے، شمالی ریجن کیلئے 10 لاکھ 75 ہزار روپے، اسپانسر شپ حج سکیم کے اخراجات جنوبی ریجن کیلئے 3765 ڈالر اور شمالی ریجن کیلئے 3800 ڈالر ہونگے، لانگ حج پیکج مدینہ میں 8 دن کے قیام کیساتھ 38 سے 42 دن، شارٹ پیکج 3 سے 5 دن کے قیام کیساتھ 20 سے 25 دن کا ہوگا، شارٹ حج پیکج کے تحت ریگولر حج سکیم کے اخراجات جنوبی ریجن کیلئے 11 لاکھ 40 ہزار، شمالی ریجن کیلئے 11 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ اسپانسر شپ حج سکیم کے اخراجات جنوبی ریجن کیلئے 4015 اور شمالی ریجن کیلئے 4050 ڈالر ہونگے، سرکاری عازمین حج کیلئے مخصوص رنگت اور شناخت والی ضروری اشیا مفت فراہم کی جائیں گی، سعودی عرب میں قیام کے دوران لازمی استعمال کیلئے 7 جی بی ڈیٹا والی موبائل سم فراہم کی جائیگی، کراچی ایئر پورٹ سے جانیوالے عازمین کو روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ میں شامل کیا جائیگا لاہور ایئر پورٹ سے جانیوالوں کی شمولیت کیلئے بات چیت جاری ہے، عازمین حج کی آرا کی روشنی میں پہلی بار 20 سے 25 دن کے مختصر حج پیکج کا بھی اجرا کیا جا رہا ہے، مدینہ منورہ میں 8 دن کے قیام کیساتھ ساتھ 3 سے 5 روز کی مختصر سہولت بھی دی گئی ہے اخراجات بھی کم رکھے گئے ہیں، ہر ایک سرکاری ونجی حج اسکیم کیلئے 89 ہزار 605 سیٹیں مختص کی گئی ہیں سرکاری حج اسکیم میں سپانسر شپ میں 25 ہزار، پرائیویٹ اسکیم کے 44803 سیٹیں سپانسر شپ کیلئے مخصوص کی گئی ہیں، سپانسر شپ اسکیم میں شمولیت کیلئے بیرون ملک سے زرمبادلہ بھجوانا ہوگا 80 سال سے زائد عمر کے عازمین کیلئے مددگار کا ساتھ ہونا لازم ہے۔

## ممنوعہ اشیاء کی درآمد پر پابندی ختم ہونے کا امکان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران حکومت نے ممنوعہ اشیاء کی درآمد پر پابندی ختم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلہ کیا ہے۔حکومتی ذرائع کے مطابق درآمدات اور برآمدات پر پابندیاں ختم کرنے کے کیسوں کیلئے نگران وفاقی کابینہ نے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی۔کمیٹی کا سربراہ وزیر تجارت اعجاز گوہر کو مقرر کردیا گیا ہے۔کمیٹی ارکان میں وزیر قانون احمد عرفان اسلم اور وزیر منصوبہ بندی سمیع سعید شامل ہیں۔کمیٹی ممنوعہ اشیاء کی درآمد کی اجازت کیلئے کیسوں کا جائزہ لے گی۔کمیٹی ایک بار کی بنیاد پر درآمدی پابندی ختم کرنے سے متعلق کیسوں کو دیکھے گی۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# افغان حکام کی ملاقات، کراچی میں افغان تاجروں کے ہزاروں کنٹینرز ریلیز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) امارت اسلامیہ افغانستان کے وزیر صنعت وتجارت الحاج نورالدین عزیزی کی قیادت میں ایک وفد پاکستان کے دورے پر گیا ہے جس نے پاکستان میں اعلی حکام کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور افغانستان، پاکستان اور ازبکستان کے سہ فریقی اجلاس میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق کابل سے اسلام آباد جانے والے وفد کے مذاکرات کے نتائج سامنے آئے۔ امارت اسلامیہ کے وزیر صنعت وتجارت الحاج نورالدین عزیزی کی قیادت میں وفد نے پاکستانی کے وزرائے خارجہ اور تجارت سے ملاقات کی، جس میں افغان تاجروں کے مسائل، کراچی بندرگاہ پر ایک ماہ سے رکے گئے افغان تاجروں کے سامان سے بھرے کنٹینروں اور دس فیصد ٹیکس سمیت دیگر مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا جس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ کراچی کی بندرگاہ میں افغان تاجروں کی چار ہزار ٹرانزٹ گاڑیوں اور کنٹینروں کو فوری طور پر افغانستان جانے کی اجازت دی جائے گی اور ان کے ڈیڑھ ارب ڈالر کے تجارتی سامان پر لگایا گیا 10 فیصد ٹیکس بھی منسوخ کر دیا جائے گا۔ دریں اثناء اسلام آباد میں سہ فریقی اجلاس ہوا جس میں امارت اسلامیہ کے وزیر صنعت و تجارت الحاج نورالدین عزیزی، پاکستان کے وزیر تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز اور ازبکستان کے نائب وزیر اعظم جمشید خاجیوف کے درمیان تینوں ممالک کی تجارت اور راہداری کے معاملات پر ایک دستاویز پر دستخط ہوئے۔ اس اجلاس میں سہ فریقی اقتصادی تعلقات اور تجارت کے فروغ، ٹرانزٹ سہولیات میں اضافہ، مشترکہ سرمایہ کاری میں اضافے، اخراجات میں کمی، نقل وحمل کی سہولیات، کسٹم نظام کے جدید ڈیجیٹل نظام رائج کرنے، بینکنگ سسٹم، فوڈ سیفٹی، ویزوں کے اجراء کے ساتھ ٹرانزٹ کے مسائل کو حل کرنے اور ٹرانزٹ کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ تینوں ممالک کی تکنیکی ٹیمیں اگلے ہفتے تک تجارت اور ٹرانزٹ سے متعلق مسائل پر اپنا کام شروع کر دیں گی اور حتمی سفارشات تینوں ممالک کے سامنے پیش کریں گی۔ اس سے قبل امارت اسلامیہ کے وزیر صنعت وتجارت نورالدین عزیزی کی قیادت میں وفد نے پاکستان کے نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی سے ملاقات کی۔ افغان سفارت خانے کے مطابق اس ملاقات میں دونوں ممالک کے حکام کے درمیان باہمی دلچسپی کے معاملات، دوطرفہ تعلقات بالخصوص کراچی کی بندرگاہ میں پھنسے افغان تاجروں کے تجارتی سامان، افغان مہاجرین کے سامان کی نقل وحمل اور دیگر متعلقہ موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت تجارت کے ترجمان عبدالسلام جواد نے کہا کہ مسٹر عزیزی نے پاکستانی حکام سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ہزاروں کنٹینرز کو جانے کی اجازت دی جائے۔ افغان چیمبر آف کامرس کے سربراہ یونس مومند، جو اس دورے میں وفد کے ساتھ ہیں، کہتے ہیں کہ انہیں امید ہے کہ ایسی ملاقاتوں سے کاروباری مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومتوں کو اپنی پالیسیوں سے کاروبار کے سامنے رکاوٹیں پیدا نہیں کرنی چاہئیں۔ افغانستان پاکستان جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے سربراہ خان جان الکوزئی نے میڈیا کو بتایا کہ افغان تاجروں کا تقریباً ڈیڑھ ارب ڈالر کا سامان کراچی میں بند پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکام نے کراچی کے راستے 212 قسم کے تجارتی سامان کو افغانستان لے جانے پر پابندی عائد کر دی ہے جو بین الاقوامی تجارتی قوانین کے خلاف ہے۔ افغان سرمایہ کار چین، ملائیشیا، انڈونیشیا، بھارت، متحدہ عرب امارات اور یورپی ممالک سے سامان کراچی بندرگاہ کے ذریعے افغانستان لاتے ہیں۔ افغان سرمایہ کاروں کا کہنا ہے کہ اپٹا نامی تجارتی معاہدے میں کوئی ایسی قانونی شق نہیں ہے جس کے تحت تجارتی سامان کو روک دیا جائے یا ٹیکس میں اضافہ کیا جائے۔ اپٹا افغانستان اور پاکستان کے درمیان تجارتی لین دین کا معاہدہ ہے، جو کئی برس سے نافذ ہے اور اس میں کئی بار توسیع کی جا چکی ہے۔

# افغانستان: 5 کروڑ افراد کیلئے 2408 ملین ڈالر کے کپڑے امپورٹ کئے

## پاکستان 25 کروڑ افراد کے لئے صرف 344 ملین ڈالر کے کپڑے درآمد کئے، افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کا شاخسانہ

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان کی آبادی 25 کروڑ ہے، اس مقابلے میں صرف 5 کروڑ آبادی کے ملک افغانستان کی پاکستان کے راستے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کئی گنا زیادہ ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ درحقیقت آئی ٹی ٹی کے کنٹینرز پاکستان میں ہی کھل جاتے رہے یا یہ سامان افغانستان سے اسمگل ہوکر پاکستان میں فروخت ہوتا رہا جو ملک کی معاشی تباہی اور بربادی کا سبب بنا۔ اس سلسلے میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ (اے ٹی ٹی) کی درآمدی قدر کے اعداد وشمار حیران کن ہیں۔ کسٹمز حکام کے مطابق سال 2022-23 کے دوران پاکستان کیلئے 344 ملین ڈالر کی فیبرکس اور صرف 84 ملین ڈالر کے ٹائر امپورٹ کیے گئے۔ اس کے مقابلے میں صرف 5 کروڑ آبادی کے ملک افغانستان نے پاکستان کے راستے 2408 ملین امریکی ڈالر کی فیبرکس آئٹم اور 404 ملین ڈالرز کے ٹائر امپورٹ کیے۔

# ایف بی آر نے ملک بھر میں 18 ایڈمنسٹریٹو افسروں کی تعیناتی کردی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت پاکستان ریونیو ڈویژن ایف بی آر نے بدھ 15 نومبر 2023 کو نوٹیفکیشن نمبر 3163-IR-IV/2023 جاری کیا ہے جس کے مطابق 18 ایڈمنسٹریٹو افسروں کی ترقی کے بعد ملک کے مختلف شہروں میں تعیناتی کردی گئی ہے۔ فیاض حسین آر ٹی او ملتان، طارق خان آر ٹی او ملتان، محمد افضل آر ٹی او سیالکوٹ، یعقوب لاشاری ایم ٹی او کراچی، فضل حسین آر ٹی او۔ I کراچی، مسلم خان سی ٹی او کراچی، سیار احمد ایل ٹی او اسلام آباد، محمد نعیم آر ٹی او گوجرانوالہ، ظہور احمد سی ٹی او کراچی، واحد بخش آر ٹی او حیدرآباد، طفیل عمران آر ٹی او گوجرانوالہ، صابر حسین ڈائریکٹریٹ ان لینڈ ریونیو کراچی، مقبول راجپوت آر ٹی او سکھر، یوسف چوہان آئی آر ایس اکیڈمی لاہور، حافظ محمد نعیم آر ٹی او بہاولپور، حافظ اصغر بلوچ آر ٹی او۔ II کراچی، عامر سعید آر ٹی او کوئٹہ، فہیم رضا آر ٹی او لاہور مقرر کر دیئے گئے ہیں۔

## آئی ایم ایف کی دنیا کے مرکزی بینکوں کیلئے ڈیجیٹل کرنسی پر رہنمائی جاری

کراچی (نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف نے دنیا کے مرکزی بینکوں کے لیے ڈیجیٹل کرنسی پر رہنمائی جاری کر دی۔ گزشتہ ہفتے شائع کی گئی آئی ایم ایف کی ''سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی ورچوئل ہینڈ بک'' میں اس بات کی نشان دہی کی گئی کہ سی بی ڈی سیز کا بڑھتا ہوا استعمال عالمی معیشت کی ''ڈالرائزیشن کو کم'' کرسکتا ہے۔ یہ ایسی صورتحال ہے جہاں ممالک ریزرو کرنسی کے طور پر امریکی ڈالر پر انحصار کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ ڈی ڈالرائزیشن کے علاوہ سی بی ڈی سی مارکیٹ کے تناؤ کے دوران خوردہ بینک کے ذخائر سے حفاظت کے لیے پرواز کے خطرات کو بڑھا سکتا ہے۔ مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ کے وقت گاہک اپنے ڈپازٹ واپس لے لیتے ہیں اور انہیں محفوظ اثاثوں میں منتقل کر دیتے ہیں تاکہ بینک کے گرنے جیسے حالات میں پیسے ضائع ہونے سے بچ سکیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## صنعتوں کو درآمدی اشیاء سے تحفظ' اینٹی ڈمپنگ نظام کے لئے انتظامات نہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ملک میں تیار ہونے والی اشیاء کو درآمدی اشیاء کے مقابلے میں ٹیرف پروٹیکشن دینے کا عمل دوبارہ شروع کردیا گیا ہے باخبر ذرائع کے مطابق اس وقت نیشنل ٹیرف کمیشن میں دو درجن کے قریب ٹیرف انا مولیز کے کیسز زیر سماعت ہیں ذرائع کے مطابق فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے بھی اپنی ممبر ایسوسی ایشنوں سے ٹیرف انامولیز کے کیسز کی تعداد اور تفصیلات طلب کرلی ہیں باخبر ذرائع کے مطابق تاہم وزارت تجارت نے اینٹی ڈمپنگ لاز کے قوانین کا استعمال شروع کرنے کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے وزارت تجارت کے ایک سینئر افسر کے مطابق اب تک ہم بنیادی قوانین کی تیاری میں مصروف تھے اینٹی ڈمپنگ قوانین کا استعمال شروع کرنے کے سلسلے میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ وزارت خزانہ اور وزارت تجارت نے مل کر مطلوبہ انتظامی ڈھانچہ سرے سے تیار نہیں کیا ہے اور اس سلسلے میں کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی میں "سمری" پیش نہیں کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملکی انڈسٹریز کا کہنا ہے کہ ٹیرف انا مولیز کے کیسز کو مستقل طور پر حل کرنے کے لئے ایک مستقل اسٹینڈنگ کمیٹی قائم کی جائے اور نیشنل ٹیرف ریفارمز کمیشن کو ایک مقررہ مدت میں ٹیرف انا مولیز دور کرنے کا پابند کیا جائے اس وقت پولی پراپلین انڈسٹری کا کیس ریونیو کی مالیت کے لحاظ سے کمیشن کے زیر سماعت ہے غیر آرگنائزڈ سیکٹر میں واقع پولی پراپلین انڈسٹریز اور خصوصاً" پولٹری انڈسٹری کے بیگز پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ کے متنازع کیس کی وجہ سے ہر ماہ کروڑوں روپے کا ریونیو چوری ہو رہا ہے اور فیصل آباد' لاہور' کراچی کی کمرشل مارکیٹوں سے پولی پراپلین کے بیگز سیلز ٹیکس کی عدم ادائیگی کے ساتھ فروخت ہورہے ہیں اور یہ سارا معاملہ سیلز ٹیکس ڈپارٹمنٹ کے حکام کے علم میں ہے ذرائع کے مطابق اس طرح پاکستان میں ایسی ملٹی نیشنل کمپنیز جوکہ امپورٹ کا کاروبار کرتی ہیں اور درآمدی ٹریڈ میں انڈر انوئسنگ کے خلاف تجاویز ارسال کرتی رہتی ہیں ان کے اور دوسرے درآمدکنندگان کے درمیان تجارتی تنازعات میں اضافہ ہوتا گیا ہے باخبر ذرائع کے مطابق حال ہی میں کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق سینئر نائب صدر مسٹر ابراہیم پان والا نے اوورسیز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے دوران ملٹی نیشنل کمپنیوں کو "مشورہ" دیا ہے کہ وہ درآمدی اشیاء پر "سروس چارج" کی وصولیابی بند کردیں ملٹی نیشنل کمپنیاں یہ "سروس چارج" کسٹمز کی جانب سے درآمدی قیمت کے تعین کے وقت قیمت میں "لوڈنگ" کے بعد وصول کرتی ہیں اس تقریب میں چیمبر کے صدر مسٹر شنزادہ عالم نے درآمدی اشیاء کی امپورٹ ٹریڈ پرائس آئی ٹی پی کے تعین کے عمل کی تفصیلات بیان کیں جس کے مطابق "نئی" طے کردہ آئی ٹی پی کے خلاف اپیل ڈائریکٹر جنرل ویلیو ایشن کو فائل کی جاسکے گی تاہم آئی ٹی پی کے خلاف "اپیل" فائل کرنے کے خلاف "غیر عدالتی عمل" شروع نہیں کیا جاسکے گا یں اثناء ملٹی نیشنل کمپنی میسرز ایس کے ایف نے سینٹرل بورڈ آف ریونیو کو تجویز کیا ہے کہ ایسے درآمدی بال بیرنگز پر جن کے سائز "بڑے" (صنعتی بال بیرنگز) ہوں درآمدی ڈیوٹی میں اضافہ کردیا جائے جبکہ "چھوٹے" سائز کے درآمدی بال بیرنگز پر ڈیوٹی میں کمی کردی جائے ذرائع کے مطابق اس تجویز کے خلاف "پاکستانی" درآمدکنندگان نے سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے

## سیلز ٹیکس رجسٹریشن میں ایک ماہ کی توسیع

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وزیر خزانہ سرتاج عزیز کی ہدایت پر سی بی آر نے سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی ہے یہ بات فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی پریس ریلیز میں بتائی گئی جس کے مطابق فیڈریشن کے وفد نے سینیٹر الیاس بلور کی قیادت میں ممبر سیلز ٹیکس سرفراز احمد اور ممتاز حیدر رضوی سے ملاقات کی اس موقع پر انہیں بتایا گیا ہے کہ وزیر خزانہ کی ہدایت پر سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی تاریخ میں توسیع کردی گئی ہے۔

## پیپر مارکیٹ میں ڈکیتی کی دو وارداتیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی کی پیپر مارکیٹ میں جمعہ یکم اگست کو طیب جی روڈ پر ڈکیتی کی دو وارداتیں ہوئیں۔ پہلی واردات یونائیٹڈ پیپر کارپوریشن میں ہوئی جہاں سے دو مسلح افراد دکان میں موجود ہزاروں روپے لے کر فرار ہوگئے۔ اس دکان سے چند قدم پر واقع ریحان پیپر مارٹ میں بھی وہی افراد داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر بھاری رقم چھین کر فرار ہوگئے۔ اس سلسلے میں متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر درج کردی گئی ہیں۔

ہیں دریں اثناء ایپما کے چیئرمین عبدالمجید میمن سدرن سرکل کے صدر محمد اقبال میمن اور سینئر نائب صدر حاجی عبدالسلام نے ڈکیتی کی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے سدباب کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں اور تاجروں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## طارق سعید اور عبدالمجید میمن کو عبدالسلام کی مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایپما سدرن سرکل کے سینئر نائب صدر حاجی عبدالسلام نے ایک بیان میں کونسل آف کمرشل امپورٹرز برائے سیلز ٹیکس کے چیئرمین طارق سعید کو ۳۰ جولائی کو ملک بھر کے تاجروں کے کامیاب کنونشن کے انعقاد پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ تاجر برادری اس مسئلہ کے حل میں جلد کامیاب ہوجائے گی۔

## اراکین پاپگائی ۱۰ اگست تک تجدید رکنیت کرالیں' عبدالعزیز گابا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاپگائی کے خزانچی عبدالعزیز گابا نے کہا ہے کہ متعدد یاددہانیوں کے باوجود اراکین کی بڑی تعداد کی طرف ابھی تک رکنیت کی فیس یکم جنوری ۱۹۹۶ء تا مارچ ۹۷ء (۱۵ ماہ) واجب الادا ہے انہوں نے ایسے تمام اراکین کو ایک بار پھر مطلع کیا ہے کہ اگر انہوں نے ۱۰ اگست تک مذکورہ بالا واجبات ادا نہیں کئے تو پاپگائی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے تحت ان کی رکنیت منسوخ ہوجائے گی اور تجدید رکنیت کے لئے تمام واجبات کے ساتھ نصف داخلہ فیس ڈھائی سو روپے بھی ادا کرنی ہوگی انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ تمام اراکین پاپگائی کو اس سال بھی رکنیت کے کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین عبدالمجید میمن سیلز ٹیکس کی لازمی رجسٹریشن کے خلاف منعقدہ اجلاس عام سے خطاب کررہے ہیں۔ ان کے دائیں جانب سینئر نائب صدر سدرن سرکل حاجی عبدالسلام اور بائیں جانب صدر سدرن سرکل محمد اقبال میمن وائس چیئرمین ناصر قاسم اور اعزازی جنرل سیکرٹری سید خالد حسین بیٹھے ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ کراچی کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
SICHN/GOS/Proc/Khi-Suk-Nawab/23-24
پیپر A4 سائز، 63 گرام، تعداد: 2500 ریم۔
پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 1900 ریم۔
کلر پیپر A4 سائز، گلابی (پنک)۔ تعداد: 300 پیکٹ۔
کلر پیپر A4 سائز، نیلا (بلیو) تعداد: 300 پیکٹ۔
اسٹیشنری کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ایگزیکٹو ڈائریکٹر آفس، پہلی منزل، پلاٹ نمبر JM 354,356۔ نزد پیپلز سیکریٹریٹ چورنگی، جمشید کوارٹرز، کراچی۔
فون: 021-9933101-2-3

## پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کراچی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PWDS/W&D/PTG/2023-24/10
اسٹیشنری کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ڈبلیو اینڈ ڈی) آفس، گیارہویں منزل، این آئی سی ایل بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، عقب ایف ٹی سی بلڈنگ، گورا قبرستان، کراچی۔
فون: 021-99225652

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کراچی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کیلنڈر کی پرنٹنگ اور سپلائی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th سینٹرل اسٹریٹ، فیز-2، ڈی ایچ اے، کراچی۔
فون: 021-99266400-10 EXT:237-330

## پنجاب فورینسک سائنس ایجنسی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: FSA-467
پیپر A4 سائز، 80 گرام، ڈبل اے برانڈ، تعداد: 760 ریم۔
ٹینڈر حوالہ نمبر: FSA-468
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ سیکشن، ٹھوکر نیاز بیگ روڈ، لاہور۔
فون: 042-37840007

## پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز، 70 گرام، (ڈبل اے، کاپی میٹ، بی ایل سی یا مساوی)




تعداد: 60,000 ریم۔
تھرمل پرنٹر پیپر رول، 50 گرام، تعداد: 8200 رول
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 نومبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ڈویلپمنٹ اینڈ پروکیورمنٹ) آفس، تیرہویں منزل، سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، 346-B۔ فیروز پور روڈ، لاہور۔
فون: 042-99000000

## راولپنڈی انٹرمیڈیٹ بورڈ کا لفافوں کی پرنٹنگ کا ٹینڈر

مختلف سائز کے لفافوں کی پرنٹنگ اور سپلائی۔ (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: آفیسر انچارج اسٹورز، مورگاہ، راولپنڈی۔
فون: 051-5450930

## قومی اسمبلی اسلام آباد کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: F1(1)2023-24-Printing
